فوری ریلیز کے لیے: 2023/29/11 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا سکینیکٹیڈی میں 60 یونٹوں پر مشتمل سستے رہائشی ترقیاتی منصوبے پر تعمیراتی کام شروع کرنے کا اعلان

نواحی علاقے مونٹ پلیزنٹ میں مکمل طور پر بجلی، توانائی کی بچت والی عمارت میں امدادی خدمات والے 30 اپارٹمنٹس شامل ہوں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج موزیک اپارٹمنٹس پر تعمیر شروع کرنے کا اعلان کیا ہے، یہ دو عمارتوں کی تیاری ہے جس سے سکینیکٹیڈی کے نواحی علاقے مونٹ پلیزنٹ میں 60 اپارٹمنٹس بنیں گے۔ مکمل طور پر بجلی، توانائی کی بچت والی عمارت میں بزرگوں اور معذور افراد کے لیے موقع پر امدادی خدمات والے 30 اپارٹمنٹس شامل ہوں گے۔

گورنر Hochul نے کہا، "سکینیکٹیڈی میں آج کی سرمایہ کاری سے شہر کی سب سے زیادہ پُر رونق علاقوں میں سے ایک کے مرکز میں درجنوں انتہائی ضروری سستے، توانائی کی بچت کرنے والے اپارٹمنٹس تعمیر ہوں گے۔ میری انتظامیہ سستی اور امدادی رہائش کے ایسے مواقع پیدا کر کے نیو یارک کے رہائش کے بحران سے نمٹنے کے لیے پُرعزم ہے جو موجودہ مکینوں اور آنے والی نسلوں کے لیے علاقوں کو بہتر بناتے ہیں"۔

گزشتہ پانچ برسوں میں، ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید محکمے کی جانب سے سکینیکٹیڈی شہر میں 500 سے زیادہ سستے گھروں کی تعمیر یا انہیں محفوظ بنانے کا کام کیا گیا ہے۔ موزیک اپارٹمنٹس نے اس کوشش کو جاری رکھا ہے اور گورنر Hochul کے $25 بلین کے اس جامع رہائشی منصوبے کا بھی جزو ہیں جو نیو یارک بھر میں 100,000 ارزاں مکانات بنائے گا یا ان کی بحالی اور مرمت کروائے گا، جن میں 10,000 وہ گھر ہوں گے جن میں لاچار و غریب کمیونٹیز کے لئے امدادی خدمات کے ساتھ ساتھ اضافی 50,000 گھروں تک بجلی پہنچانے کا کام بھی شامل ہے۔

موزیک اپارٹمنٹس ایک چار منزلہ عمارت پر مشتمل ہو گی جس میں 46 اپارٹمنٹس ہوں گے اور ایک تین منزلہ عمارت جس میں 14 اپارٹمنٹس ہوں گے۔ تمام اپارٹمنٹس علاقے کی اوسط امدنی کا 60 فیصد یا اس سے کم کمانے والے گھرانوں کے لیے قابل استطاعت ہوں گے۔ ہر عمارت میں مکینوں کو مفت تیز رفتار انٹرنیٹ اور کپڑے دھونے کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

پانچ اپارٹمنٹس نیو یارک کے بزرگ افراد کے لیے مختص کیے جائیں گے اور 25 اپارٹمنٹس مکینوں کو موقع پر امدادی خدمات اور کرایے میں سبسڈی تک رسائی کی پیشکش کریں گے جو ایمپائر سٹیٹ امدادی رہائش پہل کاری کے ذریعے اور ریاست نیو یارک کے دفتر برائے دماغی صحت کے زیر انتظام ہیں۔ DePaul ڈویلپر اور معاون سروس فراہم کنندہ ہے۔

موزیک اپارٹمنٹس کو ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیارئ توانائی کے نئی تعمیر – رہائشی پروگرام سے اعلیٰ سطح کی پائیداری اور کاربن میں کمی حاصل کرنے کے لیے فنڈنگ سے نوازا گیا اور اسے انٹرپرائز گرین کمیونٹیز پلس سرٹیفیکیشن کے لیے درکار گرین بلڈنگ کے معیارات کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے۔ مکمل طور پر بجلی نصب

شدہ عمارت میں شمسی توانائی کے پینل، انرجی سٹار یا مساوی ہیٹنگ اور کولنگ کا سامان، آلات اور لائٹ فکسچر شامل ہوں گے۔

$27 ملین کے اس ترقیاتی کام کے لیے ریاستی سرمایہ کاری میں وفاقی کم آمدنی کے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹس میں $11 ملین اور HCR کی جانب سے سبسڈی میں $9 ملین شامل ہیں۔ ریاست نیو یارک کا عارضی امداد اور معذوری میں امداد کا دفتر بے گھر افراد کے لیے رہائشی اور امدادی پروگرام کی جانب سے $4 ملین کی رقوم فراہم کر رہا ہے۔ NYSERDA نے $240,000 سے نوازا ہے۔ دفتر برائے دماغی صحت (Office of Mental Health, OMH) پروگرام کی تیاری کی $226,200 گرانٹ فراہم کر رہا ہے۔ سکینیکٹیڈی میٹروپلیکس $525,000 فراہم کر رہا ہے اور کیپیٹل ریجن لینڈ بینک $200,000 فراہم کر رہا ہے۔

ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے محکمے کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "چونکہ سکینیکٹیڈی اور کیپیٹل ریجن بڑھنا جاری رکھے ہوئے ہیں، رہائش گاہوں کی رسد کو بڑھانے میں سرمایہ کاری ایک ضرورت بن گئی ہے۔ موزیک اپارٹمنٹس 60 گھرانوں کو ایک محفوظ گھر فراہم کرے گی، بشمول 30 جو صحت مند اور خودمختار رہنے کے لیے اہم امدادی خدمات حاصل کریں گے، اور پائیداری پر توجہ مرکوز کرنے سے ہمیں گورنر Hochul کے کاربن کے اخراج میں کمی کے اہداف کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ ہماری ریاستی ایجنسی کے شراکت داروں، DePaul اور ان تمام لوگوں کا شکریہ جنہوں نے اس سنگِ میل تک پہنچنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے، اور میں منتظر ہوں کہ موزیک اپارٹمنٹس مونٹ پلیزنٹ کے مکینوں کا تازہ ترین گھر بنے"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیارئ توانائی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کی صدر اور سی ای او، Doreen M. Harris نے کہا، "NYSERDA کو اس طرح کے منصوبوں کے ذریعے نیو یارک کے کمزور شہریوں کے لیے محفوظ، سستی رہائش فراہم کرنے میں مدد کرنے پر فخر ہے جس میں توانائی کی جدید خصوصیات، آلودگی سے پاک عمارت کے معیارات، اور موقع پر قابلِ تجدید توانائی شامل ہیں۔ پایۂ تکمیل کو پہنچنے کے بعد، مکمل طور پر بجلی نصب شدہ موزیک اپارٹمنٹس سکینیکٹیڈی کے مکینوں کو آرام دہ اور معیاری رہائش گاہوں سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ امدادی خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں مدد دیں گے"۔

عارضی امداد اور معذوری میں امداد کے دفتر کی قائم مقام کمشنر Barbara C. Guinn نے کہا، "اس منصوبے کے جزو کے طور پر بنائے جانے والے 30 مستقل امدادی رہائشی یونٹس ہمارے کچھ انتہائی کمزور مکینوں کے لیے رہائش کی صورت حال کو مستحکم کرنے میں مدد دیں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ان کی ایسی خدمات تک آسان رسائی ہو جو ان کی ترقی میں مدد کر سکتی ہیں۔ گورنر Hochul نے ریاست بھر میں امدادی رہائش کی تیاری کے لیے عزمِ صمیم کر رکھا ہے اور علاقوں اور نیو یارک کے مکینوں کی زندگیوں کو تبدیل کرنے میں اس کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔"

نمائندے Paul Tonko نے کہا، "پائیدار، سستی رہائش میں سرمایہ کاری مضبوط علاقوں کی تعمیر کے لیے ہماری کوششوں کا ایک لازمی حصہ ہے۔ آج کا اعلان ہمارے کیپیٹل ریجن کے تمام رہائشیوں، خاص طور پر بزرگوں اور معذور افراد کے لیے معیاری رہائش کی جگہیں فراہم کرنے کے ساتھ گہری وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔ مجھے اس مکمل طور پر بجلی، توانائی کی بچت کرنے والی عمارت کی تیاری کے آغاز کا جشن منانے پر فخر ہے جو ناصرف سکینیکٹیڈی علاقے میں رہائشی ضروریات کو پورا کرے گی، بلکہ ہمیں ایک سرسبز مستقبل کی طرف لے جانے میں بھی مدد دے گی اور ساتھ ہی ساتھ ایک ایسے جامع ماحول کی تخلیق میں بھی مدد دے گی جو کیپیٹل ریجن کے تمام مکینوں کی ضروریات کو پورا کرتا ہو"۔

ریاستی سینیٹر Jim Tedisco نے کہا، "سستی رہائش نیو یارک کے بہت سے مکینوں کے لیے ایک اہم مسئلہ ہے جن کی آمدنی لگی بندھی ہوتی ہے، خصوصاً ہمارے بزرگ اور وہ لوگ جو ذہنی بیماری کا شکار ہیں۔ میں گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے محکمے کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے سکینیکٹیڈی شہر اور 44ویں سینیٹ ڈسٹرکٹ میں 60 نئے سستے اپارٹمنٹس کی تعمیر کے لیے کوشش کی جن میں رہائشیوں کے لیے ایسی امدادی خدمات ہیں جن کی انہیں آزادانہ زندگی گزارنے کے لیے ضرورت ہو سکتی ہے"۔

رکنِ اسمبلی Angelo Santabarbara نے کہا، "موزیک اپارٹمنٹس سکینیکٹیڈی کے نواحی علاقے مونٹ پلیزنٹ میں کمزور آبادی کے لیے سستی رہائش اور امدادی خدمات فراہم کرنے کے لیے ہماری لگن اور عزم کا ثبوت ہے۔ جبکہ ہم ان دو عمارتوں کی تیاری کا سنگِ بنیاد رکھ رہے ہیں، جس سے 60 نئے گھر بنیں گے، ہم نیو یارک کے بزرگ افراد اور اپنے علاقے میں امدادی خدمات کی ضرورت کے حامل افراد کی بھلائی کو ترجیح دیتے ہیں۔ مل جُل کر، ہم ایک مضبوط، زیادہ جامع نیو یارک کی تعمیر جاری رکھیں گے"۔

سکینیکٹیڈی کاؤنٹی کے قانون ساز صدرنشین Anthony Jasenski نے کہا، "یہ منصوبہ اس بات کی ایک اور مثال ہے کہ مل کر کام کرنا کس طرح کارگر ہوتا ہے۔ میٹروپلیکس، کیپٹل ریجن لینڈ بینک، اور گورنر Hochul کی انتظامیہ کے تعاون اور فنڈنگ کے ساتھ، یہ دونوں عمارتیں ہمارے علاقے میں بزرگوں اور افراد کے لیے 60 سستی اور معاون یونٹ فراہم کریں گی"۔

سکینیکٹیڈی کے میئر Gary R. McCarthy نے کہا، "موزیک اپارٹمنٹس کرین سٹریٹ کوریڈور کے لیے ایک اہم تبدیلی کی نشاندہی کرتے ہیں، جو کہ حالیہ یاد میں مونٹ پلیزنٹ علاقے کے لیے سستی رہائش میں سب سے بڑی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ حالیہ تبدیلی کے بہت سے منصوبوں میں سے صرف ایک ہے جو ریاستی حکومت میں ہمارے شراکت داروں کے ذریعے ممکن ہوا ہے اور سکینیکٹیڈی کے مکینوں کے لیے رہائش کو سستا بنانے میں اہم ہو گا۔ ہم ان کی متواتر شراکت داری اور سکینیکٹیڈی شہر کی حمایت کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں"۔

DePaul کے صدر Mark H. Fuller نے کہا، "DePaul سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں رہائش کے استحکام اور زندگیوں کو تبدیل کرنے کی پیشکش کرنے کی ہماری صلاحیت کو بڑھانے کا منتظر ہے۔ ہم گورنر Hochul، ریاست نیو یارک، اور اپنے تمام علاقائی شراکت داروں اور فنڈ فراہم کرنے والوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنہوں نے موزیک اپارٹمنٹس کو حقیقت بنانے میں سرمایہ اور تعاون فراہم کیا"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418